© rasailojaraid.com

**معجزاتِ سرورِ عالم** | عربی تالیف : از جناب ولید الاعظمی - مترجم : برادرم حافظ محمد ادریس صاحب - ناشر : حرا پبلی کیشنز ، اردو بازار - لاہور - صفحات ۲۳۹ - قیمت : ۳۷/۵۰ روپے

کتاب بتاتی ہے کہ مؤلف کا درجہ مطالعہ و نگارش کے لحاظ سے کتنا بلند ہے - اور مترجم سونے پر سہاگہ - پھر یہ کہ ناشر بھی احوالِ رسالت کے بارے میں اچھی کتابیں پیش کرنے کے لحاظ سے قابلِ قدر - رسولِ مکرم و معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور کے چھوٹے چھوٹے مگر بہت اہم واقعات جن کی تعداد قریباً ۲۴۲ ہے - نہایت تحقیق اور حسنِ بیان سے یکجا کیے گئے ہیں - اور انداز ایسا ہے کہ یہ سبق آموز ہیں - اور دل و دماغ پر اثر انداز ہونے والے ہیں - ہر واقعہ کے ساتھ سند و ماخذ کا بڑا اہتمام کیا گیا ہے -

طلبہ و طالبات ، خواتین ، گھروں ، صحافیوں اور خطیبوں کے لیے یہ کتاب بڑی اہم ہے -

---

**ماہنامہ نعت** | ایڈیٹر : جناب راجا رشید محمود ضیاء الحق قریشی ایم اے - دفتر رابطہ : ۱۸ راحت مارکیٹ ، اردو بازار ، لاہور - مقامِ اشاعت : اطہر منزل ، مسیحا اسٹریٹ ، نیو شاد مان کالونی ، ملتان روڈ ، لاہور - قیمت فی شمارہ ۱۰/- روپے - سالانہ : ۱۲۰/- روپے -

اکتوبر کا شمارہ "میلاد النبی نمبر" کا اوّل حصّہ ہے - راجا رشید محمود کا ذوقِ نعت اور اسلوب دونوں معروفِ عام ہیں - خوب ہوا کہ انھوں نے نعت کے عنوان سے باقاعدہ رسالہ کا اجرا کر دیا - میلاد ، تاریخِ ولادتِ حضور اور ایسے بھی مباحث پر مضامین بھی ہیں اور ظہورِ قدسی کے متعلق شعر و کلام بھی - ۱۳ نعتیں بھی شریکِ اشاعت ہیں -

---

**نسخاتِ صحت** | مؤلف : جناب حکیم سید غلام رسول شاہ صاحب گیلانی مرحوم - ترتیب و تدوین و نظرِ ثانی از جناب سید اسعد گیلانی خلف الرشید حکیم صاحب مرحوم ، بہ اہتمام اسلامی اکادمی منصورہ ملتان روڈ ، لاہور - ذریعہ اشاعت : الفیصل ناشران و تاجرانِ کتب ، غزنی اسٹریٹ ، اردو بازار لاہور ۳۲۲ صفحات ، سفید کاغذ ، طباعت مناسب ، مجلد مع گرد پوش ، قیمت ۴۸/- روپے

میں نے اس کتاب کو پڑھا اور اس سے متاثر ہوا - یہ عام طبی کتب کی طرح نہیں ہے ، بلکہ اس میں

© rasailojaraid.com